# K-6 گھر پر تیز رفتار (rapid) ٹیسٹنگ کا پروگرام

والدین، طلباء اور اسکول کے عملے کیلئے معلومات


## پروگرام کیسے کام کرتا ہے

کنڈرگارٹن سے گریڈ 6 (K-6) میں گھر میں تیز رفتار ٹیسٹنگ پروگرام کے ساتھ، اگر ان کا اسکول اس پروگرام میں حصہ لے رہا ہے تو والدین اپنے گھروں میں اپنے بچوں کا ٹیسٹ کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ عملہ بھی گھر پر اپنا ٹیسٹ کرسکتا ہے۔ اسکول ٹیسٹ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے اگر وہ کووِڈ-19 پھیلنے والی یا الرٹ کی صورتِ حال میں ہیں۔

پروگرام K-6 طلباء پر مرکوز ہے کیونکه اس عمر کا گروپ حال ہی میں کووِڈ-19 ویکسین کے لیے اہل ہوا ہے۔

یہ ریپڈ ٹیسٹ صرف ان لوگوں کیلئے ہیں جن میں کووِڈ-19 کی علامات موجود نہیں ہیں۔ اگر ان کے ٹیسٹ مثبت ہیں، تو پھیلاؤ کو روکنے کیلئے انہیں جلد الگ تھلگ کیا جا سکتا ہے۔

طلباء اور عملے کو محفوظ رکھنے کیلئے اسکولوں میں پہلے سے موجود صحت کے اقدامات کے ساتھ ساتھ تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ ایک اور ذریعہ ہیں۔




## شرکت رضا کارانہ ہے

K-6 ایٹ-ہوم ریپڈ ٹیسٹنگ پروگرام میں شرکت اختیاری ہے، اور ٹیسٹ صرف ان لوگوں کیلئے ہیں جن میں کووِڈ-19 کی علامات نہیں ہیں۔

طلباء اور عملہ جو حصہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں وہ بی ٹی این ایکس نامی کمپنی کے تیارکردہ 10 تیز رفتار ٹیسٹ (پانچ ٹیسٹوں کے دو پیکیج) حاصل کریں گے۔ تیز رفتار ٹیسٹ پانچ ہفتوں کیلئے ہفتے میں دو بار استعمال کئے جائیں گے۔ ٹیسٹنگ تین سے چار دن کے وقفے پر کرنے کی سفارش کی جاتی ہے؛ مثال کے طور پر، پیر اور جمعرات یا منگل اور جمعہ کو۔ طلباء یا عملے کو اپنے تیز رفتار ٹیسٹوں کے نتائج کی اطلاع دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

K-6 کے فی اہل طالبعلم یا عملے کے رکن کیلئے صرف 10 بی ٹی این ایکس تیز رفتار ٹیسٹ فراہم کئے جائیں گے۔ کوئی اضافی کٹس فراہم

Out of date

View the current version of this publication at https://open.alberta.ca/publications/k-6-at-home-rapid-testing-program-urdu



©2021 Government of Alberta | Published December 2021

Classification: Public

نہیں کی جائیں گی۔

تیزرفتار ٹیسٹ ان افراد کیلئے اسکریننگ ٹول کے طور پر استعمال کئے جانے کیلئے بنائے گئے ہیں جو علامات کے بغیر ہیں۔ اگر پروگرام میں حصہ لینے والے کسی طالبعلم یا عملے کے ممبر میں پورے تیزرفتار ٹیسٹنگ پروگرام کے دوران کووِڈ-19 کی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں، تو انہیں البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) کے تشخیصی مرکز میں پی سی آر ٹیسٹ بک کروانا چاہئے۔

اس پروگرام کے حصے کے طور پر البرٹا ہیلتھ کی طرف سے فراہم کردہ تیزرفتار ٹیسٹوں کو اسکول کا عملہ پابندیوں سے مستثنٰی پروگرام کی تائید کیلئے استعمال نہیں کرسکتا۔ ویکسین نہ لگوانے والے عملے کے اراکین جو پابندی سے مستثنٰی پروگرام میں شرکت کرنے والی تنظیم میں داخل ہونا چاہتے ہیں انہیں نجی وینڈر کے ذریعے منفی کووِڈ-19 ٹیسٹ حاصل کرنے کیلئے ادائیگی کرنا ہوگی۔

## حصہ کون لے سکتا ہے

K-6 طلباء اور اسکول کا تمام عملہ ٹیسٹ کٹس وصول کرنے کے اہل ہیں۔ اہل طلباء کے بہن بھائی اور خاندان کے افراد اہل نہیں ہیں۔ اسکول اس بات کا تعین کریں گے کہ ٹیسٹ کو گھر کیسے بھیجنا ہے۔ بچوں کیلئے انہیں اپنے بیگوں میں رکھنا محفوظ ہے۔

اس پروگرام میں وہ اسکول شامل ہو سکتے ہیں جو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک مختلف گریڈز میں تعلیم دیتے ہیں؛ تاہم، صرف گریڈ 6 اور اس سے نیچے کے طلباء ہی حصہ لے سکتے ہیں۔

گریڈ 7 سے 12 تک کے طلباء اس پروگرام کیلئے اہل نہیں ہیں، کیونکہ وہ کچھ عرصے سے کووِڈ-19 ویکسین کے لیے اہل ہیں۔ تاہم، اگر گریڈ 7 میں ایک طالب علم کی عمر 12 سال سے کم ہے، تو وہ حصہ لے سکتے ہیں۔

تمام عملہ، ویکسینیشن لگنے یا نہ لگنے کے اسٹیٹس سے قطع نظر، پروگرام میں شرکت کرنے کا اہل ہے اگر وہ کسی ایسے اسکول میں کام کرتے ہیں جو کہ وباء کے پھیلاؤ والے مرحلے میں یا الرٹ پر ہے۔

ویکسین ریپڈ ٹیسٹ کے نتائج کو متاثر نہیں کرتی ہیں۔ حال ہی میں ٹیکے لگائے گئے طلباء اور عملہ اب بھی کووِڈ-19 کی اسکریننگ کے لیے ریپڈ ٹیسٹ کا استعمال کر سکتا ہے۔

### ٹیسٹ کٹس کا استعمال کیسے کرنا ہے

والدین اور عملے کیلئے ایک کیسے کرنا ہے (how-to) ویڈیو alberta.ca/return to school پر دستیاب ہے۔ کمپنی، بی ٹی این ایکس کے پاس ایک کیسے کرنا ہے ویڈیو بھی ہے جسے آپ دیکھ سکتے ہیں۔

تیزرفتار اسکریننگ ٹیسٹ میں روئی لپٹی ہوئی سلائی کو نتھنے کے اندر صرف 1.5 سے 2.0 سینٹی میٹر تک داخل کیا جاتا ہے اور یہ عام طور پر البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) ٹیسٹنگ سینٹر میں پی سی آر کووِڈ-19 ٹیسٹ کیلئے استعمال کی جانے والی روئی لپٹی ہوئی سلائی سے زیادہ آرام دہ، کم متجاوز اور کم پریشان کن ہوتی ہے۔

اگر آپ گھر پر تیزرفتار ٹیسٹ پروگرام میں حصہ لینے کے اہل ہیں، تو آپ (یا آپ کے بچے) کو دو ٹیسٹ کٹ پیکجز ملیں گے (مجموعی طور پر 10 ٹیسٹ)۔

ہر ٹیسٹ کٹ کے ساتھ:

- ایک جراثیم سے پاک روئی کا جھاڑن جو کیو ٹپ (Q-tip) کی طرح لگتا ہے؛
- ایک ٹیوب اور ایک اسٹینڈ؛
- فلٹر کے ساتھ ایک نوزل؛ اور
- اور پلاسٹک کا ایک کنٹینر جس کے اندر تھوڑی مقدار میں مائع ہو۔

ایک ٹیسٹ کو مکمل ہونے میں تقریبا 20 منٹ لگیں گے۔

**ٹیسٹ کرنے کیلئے اقدامات**

1. ٹیسٹ کرنے سے پہلے، اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے دھو لیں۔ جس شخص کا ٹیسٹ کیا جا رہا ہے وہ اپنی ناک کو ٹِشو پیپر سے صاف کرے اور اسے ضائع کر دے۔
2. کِٹ سے تمام ٹیسٹ مواد کو کھول کر نکال لیں۔ ٹیسٹنگ مائع کو ٹیسٹ ٹیوب میں ڈالیں۔
3. جراثیم سے پاک جھاڑن کو پیکج سے احتیاط سے نکالیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ کسی چیز کو نہ چُھو رہا ہو۔
4. روئی لپٹی سلائی کو نتھنے کے اندر 1.5 سے 2.0 سینٹی میٹر تک ڈالیں۔ روئی لپٹی سلائی کو دائرے میں کم از کم پانچ سیکنڈ کیلئے حرکت دیں۔ پھر، نتھنے کو روئی والی سلائی کے ساتھ نیچے کو دبائیں اور اس کی نوک کو مزید پانچ سیکنڈ تک گھمائیں۔
5. اسی روئی والی سلائی کو استعمال کرکے، دوسرے نتھنے میں بھی ایسا ہی کریں۔
6. اس کے بعد، ٹیسٹنگ مائع والی ٹیسٹ ٹیوب میں روئی کی جھاڑن والی سلائی ڈالیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ روئی کی جھاڑن کی نوک مکمل طور پر مائع میں ڈوبی ہوئی ہے۔
7. ٹائمر کو دو منٹ کیلئے سیٹ کریں تاکہ روئی کی جھاڑن کا مواد


©2021 Government of Alberta | Published December 2021

Classification: Public

Out of date

View the current version of this publication at https://open.alberta.ca/publications/k-6-at-home-rapid-testing-program-urdu


ٹیسٹ کرنے والے مائع کے ساتھ مکس ہو جائے۔

8. جب دو منٹ ہو جائیں، تو ٹیوب چٹکی سے دبائیں تاکہ آپ روئی کی جھاڑن سے زیادہ سے زیادہ مائع نچوڑ لیں۔
9. روئی کی جھاڑن کو کوڑے میں پھینک دیں۔
10. فلٹر نوزل کو ٹیسٹ ٹیوب پر رکھیں۔
11. ٹیوب کو پلٹائیں اور محلول کے تین قطرے ٹیسٹ ڈیوائس پر 'S' کے نشان والے مقام پر نچوڑیں۔
12. نیا ٹائمر 15 منٹوں کیلئے سیٹ کریں۔ 15 منٹ مکمل ہونے کے بعد، اپنے ٹیسٹ کے نتائج چیک کریں۔

جب آپ ختم کر چکیں، تو آپ ٹیسٹ کو پھینک سکتے ہیں۔

## نتائج

**بی ٹی این ایکس تیز رفتار ٹیسٹ کے نتائج کی مثال**




**منفی نتائج**

منفی نتیجہ اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ کسی کو کووِڈ-19 نہیں ہے یا وہ بعد میں اس سے متاثر نہیں ہوگا۔ تاہم منفی ٹیسٹ خاندان کو ذہنی سکون دے گا کہ ان کا بچہ اسکول جا سکتا ہے۔

چونکہ آپ ہفتے میں دو بار ٹیسٹ لے رہے ہیں (ٹیسٹوں کے درمیان تین دن کا وقفہ دیں)، اس کا بات کا امکان کم ہے کہ غلط منفی نتیجہ نکلے۔

پبلک ہیلتھ کے تمام اقدامات پر عمل کرنا ضروری ہے: جسمانی فاصلہ رکھنا، ماسک پہننا، سیکھنے کے گروپوں میں رہنا اور باقاعدگی سے ہاتھ دھونا۔

**مثبت نتائج**

اگر ریپڈ ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ آتا ہے، تو طالبعلم یا عملے کے رکن کو ٹیسٹ مکمل ہونے کی تاریخ سے 10 دنوں کیلئے گھر میں محفوظ طریقے سے الگ تھلگ رکھا جائے گا تاوقتیکہ وہ بعد میں اے ایچ ایس لیبارٹری سے کووِڈ-19 کا منفی ٹیسٹ نتیجہ حاصل نہ کر لیں۔

مثبت تیز رفتار ٹیسٹ کا نتیجہ اس بات کی تصدیق نہیں کر سکتا کہ کسی کو کووِڈ-19 ہے۔ اے ایچ ایس ٹیسٹنگ سائٹ پر صرف زیادہ درست لیبارٹری کا کووِڈ-19 کا ٹیسٹ ہی کووِڈ-19 انفیکشن کی تصدیق کر سکتا ہے۔

تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ کے مثبت نتائج والے عملہ اور طلباء کو جلد از جلد www.ahs.ca/covid پر آن لائن کووِڈ-19 ٹیسٹ کیلئے اپوائنٹمینٹ بُک کروانا چاہئے یا ہیلتھ لِنک 811 پر کال کریں۔

آپ کو تیز رفتار ٹیسٹوں کے نتائج کی اطلاع اسکول یا اے ایچ ایس کو دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

**اگر ٹیسٹ میں کچھ غلط ہو جاتا ہے**

اگر ٹیسٹ میں کچھ غلط ہو گیا تو آپ کو کوئی لائن نظر نہیں آئے گی — یا آپ 'T' کے آگے ایک لائن دیکھ سکتے ہیں۔

اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ ٹیسٹ کو پھینک سکتے ہیں اور دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی اضافی ٹیسٹ دستیاب ہیں تو آپ اسکول سے نیا ٹیسٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

## اگر ماضی میں کسی طالبعلم یا عملے کا کووِڈ-19 کا نتیجہ مثبت نکلا ہو

اگر پچھلے 42 دنوں میں کسی کا کووِڈ-19 کیلئے ٹیسٹ مثبت نکلا ہے، تو اس کا تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ **نہیں** ہونا چاہئے، کچھ لوگ جو کووِڈ-19 سے صحت یاب ہوئے ہیں، ان کا 42 دنوں تک تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ مثبت آ سکتا ہے، حالانکہ وہ اب مزید متاثر نہیں ہیں۔

## کووِڈ-19 اور مختلف اقسام (variants)

صرف پی سی آر ٹیسٹ ہی اس بات کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ آیا کسی فرد کو کووِڈ-19 ہے اور آیا یہ تشویشناک قِسم ہے۔ یہ وہ ٹیسٹ ہیں جو اے ایچ ایس تشخیصی مرکز میں کئے جاتے ہیں۔

## تیز رفتار ٹیسٹ کتنے درست ہیں؟

تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ اتنے درست نہیں ہوتے جتنے لیبارٹری پر مبنی ٹیسٹ ہیں جو اے ایچ ایس اسیسمینٹ سینٹر کے ذریعے کئے جاتے ہیں۔

کسی ایسے فرد کا جس میں کوئی علامات نہ ہوں تیز رفتار ٹیسٹ سے غلط مثبت نتیجہ نکلنے کا امکان کم ہے۔

تاہم، ایک تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ کے تمام مثبت نتائج کی تصدیق اے ایچ ایس لیب ٹیسٹ سے کروانے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ یا آپ کے بچے کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے تو آپ کو اے ایچ ایس تشخیصی مرکز میں جانا پڑے گا۔

کسی ایسے فرد کا جس میں کوئی علامات نہ ہوں غلط منفی نتیجہ نکلنے کا امکان زیادہ ہے۔ تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ کے منفی نتائج کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ شخص متاثر نہیں ہے یا متعدی نہیں ہو سکتا۔

جب کوئی تیز رفتار کووِڈ-19 ٹیسٹ بغیر علامات والے لوگوں میں استعمال



©2021 Government of Alberta | Published October 2021

Classification: Public

Out of date

View the current version of this publication at https://open.alberta.ca/publications/k-6-at-home-rapid-testing-program-urdu

کیا جاتا ہے، تو یہ اسکریننگ ٹیسٹ ہوتا ہے، تشخیصی ٹیسٹ نہیں۔
تیز رفتار ٹیسٹ کروانے والے افراد کی اسکریننگ کچھ، لیکن تمام کی نہیں، متاثرہ افراد کی شناخت کر سکتی ہے اور اس کے نتیجے میں، تیز رفتار اسکریننگ پبلک ہیلتھ کے اقدامات جیسے کہ جسمانی فاصلہ، ماسک پہننا، ہاتھوں کی صفائی، گھر میں رہنا اور بیمار ہونے کی صورت میں ٹیسٹنگ تک رسائی اور کووِڈ-19 کے کیسز کا لازمی طور پر الگ تھلگ رہنا، کی جگہ نہیں لے سکتی۔

## اگر آپ کے مزید سوالات ہیں

اگر اس اسکول کے تیز رفتار اسکریننگ ٹیسٹ پروگرام کے بارے میں آپ کے مزید سوالات ہیں، تو براہِ مہربانی ای میل کریں۔
EDC.SchoolRapidTesting@gov.ab.ca.

کووِڈ-19 کی تازہ ترین معلومات کیلئے یہاں جائیں۔
www.alberta.ca/Covid19.

اگر آپ کے ٹیسٹ کے نتائج یا صحت کے نتائج سے متعلق سوالات ہیں، تو براہِ مہربانی ہیلتھ لِنک سے 811 پر رابطہ کریں۔

Out of date

View the current version of this publication at https://open.alberta.ca/publications/k-6-at-home-rapid-testing-program-urdu



©2021 Government of Alberta | Published December 2021

Classification: Public